SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

September 29, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے پاکستان ری انشورنس کمپنی لمیٹڈ کو ری تکافل آپریشنز کی اجازت دے دی

اسلام آباد: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے بذریعہ تکافل قواعد ۲۰۱۲ تفویض شدہ اختیارات استعمال کرتے ہوئے پاکستان ری انشورنس کمپنی لمیٹڈ (پی آر سی ایل) کو ری تکافل آپریشنز سرانجام دینے کی اجازت دے دی ہے اور اس ضمن میں ۲۶ ستمبر ۲۰۱۸ کو باقاعدہ سرٹیفکیٹ کا اجراء کر دیا ہے۔ پی آر سی ایل ۲۰۰۲ میں اپنے قیام کے بعد سے ملک کی بیمہ صنعت کے لئے واحد ری انشورنس کمپنی کے طور پر قومی معیشت میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان میں تکافل اور ونڈو تکافل آپریٹروں کے لئے ری تکافل کا تحفظ فراہم کرنے والا کوئی ادارہ قبل ازیں موجودہ نہیں تھا۔

پی آر سی ایل کو حالیہ اجازت نامہ مل جانے سے ریاست کی ملکیتی ری انشورنس کمپنی کے لئے نئے کاروباری مواقع میسر ہوں گے۔ مزید برآں اس اقدام سے تکافل آپریٹر کی جانب سے پاکستان کے اندر مسابقتی شرائط پر ری تکافل تحفظ حاصل کرنے سے پریمیم کی مد میں قیمتی زرِ مبادلہ بیرونِ ملک فرار کا بھی تدارک ہو جائے گا۔

پاکستان ری انشورنس کمپنی لمیٹڈ، جے سی آر وِز کی جانب سے، ڈبل اے رےٹنگ کی حامل ہے۔ ری تکافل کی اجازت ملنے سے نہ صرف پی آر سی ایل کی مستقبل میں بڑھوتری کا راستہ کھل گیا ہے بلکہ یہ پاکستان میں بیمہ اور تکافل کے شعبے کے لئے بھی اچھی خبر ہے۔